سوال

(608)عقیقہ نہ کیا ہوا بچہ گروی ہوتا ہے !

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

عرض خدمت ہے کہ میری عمر تقریباً 30 سال ہے ۔ میرا عقیقہ نہیں ہو سکا مجھے ایک عالم صاحب نے بتایا ہے کہ جس کا عقیقہ نہ ہوا ہو وہ بچہ گروی رہتا ہے لہذا میں آپ سے التماس کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے لکھیں کہ کیا میں گروی ہوں جب تک عقیقہ نہ کروں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عالم صاحب کی بات درست ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

«اَلْغُلاَمُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهٖ تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ ، وَيُسَمّٰی ، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِیُّ لٰكِنَّ فِیْ رِوَايَتِهِمَا رَهِيْنَةٌ بَدَلَ مُرْتَهَنٍ» (مشكوة المصابيح ص 1208 ج 2 ح 4153)

’’لڑکا اپنے عقیقہ کے ساتھ گروی ہے اس کی طرف سے ساتویں دن ذبح کیا جائے اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مونڈھا جائے ۔ روایت کیا اس کو احمد ترمذی ابوداود اور نسائی نے لیکن ان دونوں کی روایت میں مُرْتَهَنٌ کی بجائے رهينة کا لفظ ہے ‘‘ الخ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

قربانی اور عقیقہ کے مسائل ج 1 ص 442

محدث فتویٰ